سوال نمبر:372

منجانب:۔ **جناب صلاح الدین صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔**

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:۔ آیا یہ درست ہے کہ متنی ہسپتال، پشاور میں ڈاکٹر اور دوسرا عملہ کام کر رہا ہے جبکہ ہسپتال میں سٹاف کی کمی بھی ہے؟	متنی ہسپتال، پشاور میں ڈاکٹر اور دوسرا عملہ کام کر رہا ہے جبکہ ہسپتال ہذا میں فی الوقت سٹاف کی کوئی کمی نہیں ہے۔
(ب)	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں فی الوقت کل کتنا عملہ کام کر رہا ہے اور کتنے عملے کی کمی ہے؟ عملہ کی تفصیل بمعہ خالی پوسٹوں کی فراہم کی جائے نیز یہ بھی بتایا جائے کہ سرجن اور پیڈیاٹریشن (Pediatrician) کی آسامیوں کو کب تک پُر کیا جائے گا؟	اس ہسپتال میں فی الوقت جو عملہ کام کر رہا ہے اسکی تفصیل منسلک ہے مزید برآں محکمہ صحت کی کوشش ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں سرجن اور Pediatrician کی تعیناتی کو جلد از جلد ممکن بنایا جاسکے۔